اِسپرانتو زبان۔ایک نظر میں

VOCOJ حروف کی آوازیں:

اِسپرانتو کے حروفِ تلفظ لاطینی زبان سے لئے گئے ہیں جنکی تعداد **28** ہے جنہیں ہم انگریزی کے سمجھتے ہیں J کا تلفظ بلکل لاطینی کی طرح ہے۔اسے ہم کلمہ یار(ی) میں دیکھ سکتے ہیں C کا تلفظ ذرا مشکل لگتا ہے۔یورپ کے لوگ C کی ادائیگی کے وقت ہلکی سی ت (T)C کے ساتھ شامل کر لیتے ہیں جیسے تسو اور تسائل۔Ĉ(چ)، Ĝ(ج)،Ĥ(خ)،Ŝ(ش)،Ĵ(ژ) باقی کی آوازیں اُردو کی طرح ہیں۔Ŭ(لاوٗ) بالحاظ وَاو راَو کی آوازیں ہیں حروفِ علّت کے ساتھ Ŭ کی آواز کا جُز بن جاتے ہیں۔ **U** اور نشان والے Ŭ میں تمیز کرنا مشکل نہیں،**Ŭ** (وَا) ہمیشہ A ,E کے بعد آتا ہے **U** جبکہ کبھی **A'E** کے بعد نہیں آتا۔

ALFABETOJ اِسپرانتو حروفِ تہجی

ESP اردو	ESP اردو	ESP اردو	ESP اردو	ESP اردو	ESP اردو
Aa آ۔	Bb بو۔	Cc تسو۔	Ĉĉ چو۔	Dd دو۔	Ee اِے۔
Ff فو۔	Gg گو۔	Ĝĝ جو۔	Hh ہو۔	Ĥĥ خو۔	Ii اِی۔
Jj یو۔	Ĵĵ ژیو۔	Kk کا۔	Ll لو۔	Mm مو۔	Nn نو۔
Oo اَو۔	Pp پو۔	Rr رو۔	Ss سو۔	Ŝŝ شو۔	Tt تو۔
★	Uu اوو۔	Ŭŭ اَوْ۔	Vv وہ۔	Zz زو۔	★

AŬ(آو)**EŬ**(او)۔**J**(ے) کی آوازیں ہیں حروفِ علت کے ساتھ اس طرح ہونگی،**Aj**(آئی) **Ej**(ایئی) **Oj**(اَوئی) **Uj** (اُوئی)۔باقی حروف صحیح کی آوازیں کے ساتھ 'وُ' لگالیا جاتا ہے اور آوازیں اسطرح ہیں،B(بو) C(چو) D (دو) F (فو) G(گو) وغیرہ۔اسپرانتو اس لیے آسان ہے کہ یہ اپنے **16** قاعدوں کے عین مطابق بنائی گئی ہے۔

حروف علت (Vowels) **A E I O U** زِیر زَبر اور پیش کا کام کرتے ہیں۔اِسپرانتو میں تلفظ اس طرح ہے، آ۔اِے۔اِی۔اَو۔اُو۔اردو میں نام، نیک، کون اور نور کی آوازیں قدرے لمبی ہیں جبکہ اِسپرانتو میں اتنی لمبی نہیں۔انگریزی میں KATO۔کاتو(بلّی)BESTO۔بیستو (جانور) FILO۔فی لو(بیٹا)FLORO۔فلورو(پھول)SUNO۔سونو(سورج) مندرجہ بالا لفظوں کے تلفظ کی مثالیں ہیں۔

O اسم(Noun)کے آخر میں o(اَو) آتا ہے Fil**o**(فِی لو/ بیٹا)۔

E اسم حالیہ(فعل کے مطابق) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ Sid**e**(سِی دے/ بیٹھے ہوئے)۔

J جمع کی علامت (ے/J) ہے۔مونث و مذکر دونوں کے لئے استعمال ہوتی ہے Filo**j**(فِی لوئی/ بیٹے)Filino(فِی لوانو/ بیٹی)Filino**j**(فِی لوانوئی/ بیٹیاں)۔اگر اسم واحد ہوگا تو صفت بھی واحد ہوگی اور اگر موصوف جمع ہو تو صفت بھی جمع ہوگی اس کے لئے لفظ کے آخر J کا اضافہ کیا جاتا ہے۔Sana Viro(سانا وِی رو/تندرست مرد،Sana**j** Viro**j**(سانائی وِی روئی/تندرست مرد)۔

IN یہ مونث کی علامت ہے۔اسم کے **O** سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے۔Patro(پاترو/باپ) Patr**in**o(پاتری نو/ ماں)

N یہ مفعول (جس پر کام ہوا) کی علامت ہے۔Filo**n**(فِی لون/ بیٹے کو)۔

I یہ مُصدر (کسی کام کا ہونا) کی علامت ہے۔Ir**i**(اِی ری/ جانا)Sid**i**(سِی دی/ بیٹھنا)Leg**i**(لِی گی/ پڑھنا)Ven**i**(وِی نی/ آنا) Vid**i**(وِی دِی/ دیکھنا)۔

AS فعل حال کی علامت (آس) ہے۔Ir**as**(اِی راس/ جاتا ہے)۔

IS فعل ماضی کی علامت (اِس) ہے۔Ir**is**(اِی رِس/ جاتا تھا)۔

OS فعل مستقبل کی علامت (اُوس) ہے۔ **Iros** (اِی رَوس/جائے گا)۔

U یہ فعل اَمر (جسمیں کسی کام کا حکم دیا جائے) کے لئے ہے۔ درخواست و دُعا کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔ **Iru** (اِی رو/جاؤ)

اسپرانتو بعض اسم ایسے ہیں جنہیں '**A**' اور '**I**' کے اضافہ سے صفت یا فعل (مصدر) میں تبدیل کیا جاسکتا ہے ، مثال کے لئے نیچے چارٹ دیکھئے!

Nouns :اسم	Adjective :صفت	Verbs :فعل	Adverbs :اسم حالیہ
O	A	I	E
Akv**o** پانی۔	Akv**a** آبی۔	Vid**i** دیکھنا۔	Vid**e** دیکھ کر۔
Maro سمندر۔	Mara بحری۔	Ami محبت کرنا۔	Buse زبانی۔
Salo نمک۔	Sala نمکین۔	Bani نہانا۔	Hejme گھر پہ۔
Sano تندرستی۔	Sana تندرست۔	Helpi مدد کرنا۔	Skribe لکھائی۔
Forto طاقت۔	Forta قوی۔	Ludi کھیلنا۔	Forte طاقت سے۔
Honesto دیانتدار۔	Honesta دیانتداری۔	Sidi بیٹھنا۔	Side بیٹھے ہوئے۔
Ĝojo خوشی۔	Ĝoja خوش۔	Voli خواہش کرنا۔	Bele خوبصورتی سے
Bono اچھائی۔	Bona اچھا۔	Esperi امید کرنا۔	Bone اچھی طرح سے

اسپرانتو میں زمانوں (ماضی، حال، مستقبل) اور کیفیات کو کسطرح ظاہر لیا جاتا ہے، دیکھئے چارٹ!

اسپرانتو کی علامات	زمانے	اسپرانتو کلمات
I	Infintive بنیادی کیفیت	**Esti** (to be) ہونا۔ **Skribi** (to write) لکھنا۔
As	Present زمانہ حال	**Estas** (is/am/are) ہے، ہیں، ہوں **Skribas** (write/writes) لکھنا۔
IS	Past زمانہ ماضی	**Estis** (was/were) لکھا ہوا تھا۔ **Skribis** (wrote) لکھا ہوا۔
Os	Future زمانہ مستقبل	**Estos** (will be) ہوگا۔ **Skribos** (will write) لکھا جائے گا۔
Us	Condition فعل شرطیہ	**Estus** (would be) ہوسکتا ہے۔ **Skribus** (would write) لکھا جا سکتا ہے۔
U	Command فعل امر	**Estu** silenta (be quiet) خاموش ہوجاو **Skribu!** (write) لکھو۔

اسم فاعل اوراسم مفعول

ANT اسم فاعل (حال میں کام کرنے والا) کے لئے ہے۔**Iranto**(اِی رَانتو/ جانے والا)

INT اسم فاعل (ماضی میں کام کرنے والا) کے لئے ہے۔**Irinto**(اِی رِنتو/ جانے والا، جوجاچکا ہے)

ONT اسم فاعل (مستقبل میں کام کرنے والا) کے لئے ہے۔**Ironto** (اِی رونتو/ جواب جائے گا)

AT اسم مفعول (حال میں جوکام ہوا) کے لئے ہے۔**Irato** (اِی راتو/ جواب گیا ہے)

IT اسم مفعول (ماضی میں جوکام ہوا) کے لئے ہے۔**Irito** (اِی ری تو/ وہ جو ماضی میں گیا ہے)

OT اسم مفعول (مستقبل میں جوکام ہوگا) کے لئے ہے۔**Iroto** (اِی روتو/ وہ جواب جائے گا)

MAL ضِد (متضاد) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔جیسےSANA (سانا/تندرست)**MAL**-SANA(مال سانا/بیمار)اس کا استعمال اسم کے لئے بھی ہوتا ہے،Amiko(اِمی کو/ دوست) **Mal**Amiko(مال اِمی کو/دشمن)۔

صفت کے درجے

Pli_Plej اِسپرانتو میں صفت کی درجہ بندی کے لیے**Pli**اور**Plej** کا استعمال ہوتا ہے۔ 1۔تفصیل اچھا۔بُرا 2۔تفصیل بعض جیسے کسی کے مقابلے میں اچھا یا برا 3۔تفصیل کل جیسے سب سے اچھا۔اِسپرانتو میں **Pli**اور**Plej**(پِلی/پلائی) کی مدد سے اس مفہوم کو واضع کرتے ہیں۔

اچھا۔خوب.............Bona

بہت اچھا۔خوب تر...............**Pli** Bona

بہترین.... ....**Plij** Bona

ضمیریں

Mi	میں	(می)
Vi	تم	(وی)
Ni	ہم	(نی)
Ŝi	وہ(عورت)	(شی)
Li	وہ(مرد)	(لی)
ILi	وہ(جمع کے لئے)	(الی)
Ĝi	وہ(بے جان اشیاء)	(جی)

اضافت کی ضمیریں

Mia	میرا	(می آ)
via	تمہارا	(وی آ)
Nia	ہمارا	(نی آ)
Ŝia	اس عورت کا(مونث)	(شی آ)
Lia	اس مرد کا (مذکر)	(لی آ)

ILia	ان کا (جمع کے معنی میں)	(الی آ)
Ĝia	اس کا (بے جان اشیاء کے لئے)	(جی آ)

مفعول کی ضمیریں

Min	مجھے	(مِن)
Vin	تجھے	(وِن)
Nin	ہمیں	(نِن)
Sin	اُسے (عورت کو)	(سِن)
Lin	اُسے (مرد کے لئے)	(لِن)
Ilin	اُنہیں (سب کو)	(اِلِن)
Ĝin	انہیں (سب بے جان کو)	(جِن)

Tiu-Ĉi Tiu اشارات

اسپرانتو میں اشارات اور سوالیہ جملوں کے ساتھ Tiu /ĉi Tiu لکھا جاتا ہے۔جس کے معنٰی بالترتیب یہ۔ Tiu(تی اَو) اور وہ۔ Ĉi Tiu (چِی تی او) ہیں جبکہ سوالیہ علامت ''کیا؟'' کے لئے ĈU (چو) لکھتے ہیں۔جمع کے لئے J کا اضافہ کیا جاتا ہے Tiuj / تِی اوئی (وہ سب) Ci Tiuj/ چی تی اوئی (یہ سب)۔

OTA /ATA/ITA فعل مجہول

اسپرانتو میں فعل مجہول کے لئے Ota,Ata,Ita استعمال ہوتے ہیں۔ایسے فعل جسمیں کسی کام کا ہونا بیان کیا جائے۔جیسے کتاب پڑھی جاتی ہے (Libro Legata) کتاب پڑھی گئی تھی (Libro Legita) کتاب پڑھی جائے گی (Libro Legota)

کلمات استفہام

یہ ایسے سوالیہ کلمات ہیں جو k سے شروع ہوتے ہیں۔اردو میں بھی تمام ہی سوالیہ جملوں میں ک (کیا) کا استعمال عام ہے جیسے کون۔کیا۔کب۔کیسے۔کیوں۔کدھر وغیرہ۔اسپرانتو میں اسطرح سوالیہ جملے استعمال ہوتے ہیں جو کیہ ہیں کہاں؟۔KIE کب؟۔KIAM کون؟۔KIU کیوں؟۔KIAL س کا؟۔KIES کیسا؟۔KIA کتنا؟۔KIOM کیا؟۔KIO کیسے؟KIEL

ممکنہ جوابات

ہر سوال کو کوئی نہ کوئی جواب ہوتا ہے،مثال کے طور پر ''کب آیا؟'' کا جواب ہوگا''اب آیا'' ''کبھی آیا'' ''کبھی نہیں آیا'' ''ہر وقت آیا'' اسطرح کے جوابات کے لئے اسپرانتو میں خصوصی کلمات ہیں۔

کون؟ Kiu	وہ ! Tiu	کوئی! Iu	کوئی نہیں! Ne niu
ہر کوئی! Ĉiu	کیا؟ Kio	وہ ! Tio	کچھ ! Io
سب کچھ! Ĉio	کچھ نہیں! Nenio۔	کیسا؟Kia	ایسا! Tia کس قسم کا؟Ia

(مکمل سوال و جواب کی تفصیل کے لئے آگے چارٹ ملاحظ کریں)

سوالیہ اور جوابی کلمات (ہم نسبت/ہم رشتہ)

Kio کیا؟	Tio وہ!	Io کچھ !	ĉio سب کچھ!	Nenio کچھ نہیں !
Kiu کون؟	Tiu وہ!	Iu کوئی!	ĉiu ہر کوئی!	Neniu کوئی نہیں
Kia کیسا؟	Tia ایسا!	Ia کس قسم کا!	ĉia ہر قسم کا!	Nenia کسی قسم کا نہیں
Kiel کس طرح، کیسے؟	Tiel اس طرح!	Iel کسی طرح!	ĉiel ہر طرح!	Nenie ! کسی طرح نہیں
K i e کہاں؟	Tie وہاں!	Ie کسی جگہ!	ĉie ہر کہیں!	Nenie ! کہیں نہیں
Kiam کب؟	Tiam تب	Iam کبھی!	ĉiam ! ہر وقت	Nenia! کبھی بھی نہیں
Kiom کتنا؟	Tiom اتنا!	Iom کسی قدر!	ĉiom ! سب کچھ	Neniom ! کچھ بھی نہیں
Kial کیوں؟	Tial اس لئے !	Ial ! کسی وجہ سے	ĉial ! ہر وجہ سے	Nenial! کسی وجہ سے نہیں
Kies کس کا؟	Ties اس کا!	Ies کس کا!	ĉies ہر کسی کا!	Nenie کسی کا نہیں

Prepozicioj حروفِ جار

دُو حروف یا کلمات جو دو اسموں یا ایک فعل اور ایک اسم میں تعلق اور ربط بیان کریں انہیں حروف جار کہا جاتا ہے جیسے کی، کا، کے، ساتھ، اوپر نیچے وغیرہ۔ اسپرانتو میں کل 32 حررف جار ہیں جنمیں عام استعمال ہونے والے کچھ درج ذیل میں دئے گئے ہیں نیچے۔ **SUB** پر (اوپر) **SUR** اندر (میں) **EN** ساتھ۔ **KUN** کا، کی، ۔**DE**۔ کو، کی، طرف۔ **AL** کے لئے۔ **POR** بغیر۔ **SEN** باہر۔ **EKSTER** کے متعلق۔ **PRI**۔

(حروف جار کی مکمل تفصیل کے لیے آگے دیا گیا چارٹ ملاحظہ کریں)

SE کلمہِ شرط

اسپرانتو میں شرطیہ جملوں کے اظہار کے لئے **SE** (سے) کا استعمال ہوتا ہے۔ ''اگر میں پڑھتا ہوں تو تم سنتے ہو'' **se** mi legas,vi audas. اس جملے میں پہلا حصّہ شرطیہ اور دوسرا اجزایہ ہے۔ اسپرانتو میں اردو کی طرح ''تو'' نہیں لگاتے۔

US فعلِ شرطیہ

ایسا فعل جو ماضی حال یا مستقبل کے تصّور کے بغیر شرط یا تمنّا ظاہر کرتا ہوا سکے لئے اسپرانتو میں لفظ کے آخر میں **US** لگاتے ہیں۔ اگر آئے۔ se ven**us** veni۔ آنا

اگر جائے۔ se ir**us** iri۔ جانا

اگر نہائے۔ se ban**us** bani۔ نہانا

SE کلمہِ شرط

اگر فعل میں ماضی، حال یا مستقبل کا تصّور ہو اور پھر شرطیہ جملہ بنانا ہو تو صرف شروع میں کلمہ شرط **se** کا اضافہ کر دیتے ہیں۔

اگر آتا ہے۔ **se** venas vena۔ آتا ہے

اگر جاتا ہے۔ **se** iras iras۔ جاتا ہے

اگر آیا۔ **se** venis venis۔ آیا

اگر آئے گا۔ **se** venos venos۔ آئے گا

اگر جائے گا۔ **se** iros iros۔ جائے گا

Povi — فعلِ سکتا

وہ آسکتا ہے، وہ جاسکتا ہے وغیرہ قسم کے افعال بنانے کے لئے فعل کے شروع میں **Povi** (پووی) کا فعل استعمال کرتے ہیں۔

mi **pov**as veni — میں آسکتا ہوں۔

li **povas** veni — وہ آسکتا ہے۔

U — فعلِ امر

ایسا فعل جسمیں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہو وہ فعل امر کہلاتا ہے اور الفاظ کے آخر U کا اضافہ کردینے سے وہ فعل امر بن جاتا ہے، جیسے بیٹھ جاؤ۔ **Sidu**، پڑھو۔ Leg**u**، جا، جاؤ۔ Ir**u** وغیرہ۔

EBLE — فعلِ شکیہ

جب کسی کام کے ہونے یا کئے جانے میں شک ہو تو فعل کے شروع میں **eble** (ایب لے) لگاتے ہیں۔ اس کے معنٰی ''شاید'' کے ہیں۔

Li **eble** banas — وہ شاید نہاتا ہے۔

Li **eble** banis — وہ شاید نہایا تھا۔

Li **eble** banos — وہ شاید نہائے گا۔

CERTE — فعلِ تاکیدی

ایسا فعل جسمیں کسی کام ہونے یا کرنے کی تاکید پائی جائے **certe** (صیرِ تے) کہلاتا ہے۔ یہ فعل تاکیدی کہلاتا ہے۔

Li **certe** venas — وہ ضرور آتا۔

Li **certe** venis — وہ ضرور آیا تھا۔

Li **certe** venos — وہ ضرور آئے گا۔

Mal CERTE — ضد فعلِ تاکیدی

فعل Certe کی ضد **Mal Certe** ہے۔

Li mal **certe** venas — وہ ہرگز نہیں آیا۔

JES/NE — ''نہیں'' اور ''ہاں'' کا استعمال

اسپرانتو میں کسی بات سے انکار کے لئے **Ne** (نے/نہیں) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

تم ہرگز نہ آؤ۔! **Vi mal certe ven** — تم ضرور نہ آؤ۔! **Vi certe ne venu**

پہلے جملے میں نہ آنے کی تاکید کی گئی ہے، تم بلکل نہ آؤ! جبکہ دوسرے جملے میں تاکید ہے کہ تمہارا آنا ضروری نہیں، ویسے آجاؤ تو کوئی حرج نہیں جبکہ ''ہاں'' اثباتی جملے میں استعمال ہوتا ہے جو کہ انگریزی زبان کے yes کی طرح ہے اسپرانتو میں اسے یوں **Jes** (یِس) لکھتے ہیں۔

ATA\ANTO مفعول اورفاعل

کام کرنے والے کوفائل اورجس پرکام اثرانداز ہواسے مفعول کہتے ہیں۔اسپرانتو میں ان کیفیات کو Ata(اے تا) اور Anto(این تو) کی مدد سے بیان کیا جاتا ہے۔لکھا ہوا،سنا ہوا،دیکھا ہوا وغیرہ۔

Legi پڑھنا۔ Legata پڑھا ہوا۔

Manĝi کھانا۔ Manĝata کھایا ہوا۔

Vidi دیکھنا۔ Vidata دیکھا ہوا۔

Anto کام کرنے والے کے مفہوم کوظاہرکرتا ہے جیسے آنے والا! لکھنے والا! وغیرہ۔

Veni آنا۔ Venanto آنے والا۔

Iri جانا۔ Iranto جانے والا۔

Aŭdi سننا۔ Aŭdanto سننے والا۔

Bani نہانا۔ Bananto نہانے والا۔

Beni رحم کرنا۔ Benanto رحم کرنے والا۔

Esperi امید کرنا۔ Esperanto امید کرنے والا۔

جس پر کام انجام دیا جائے اس فعل مفعول کو N سے ظاہر کیا جاتا ہے۔مفعول اسم کے آخر N آتا ہے اوراسی طرح ضمیر مفعول ہوتواس کے آخر میں بھی N آئے گا۔

میں سیب کھاتا ہوں۔ Mi manĝas pomon (می منجاس پومون)

میں کتاب پڑھتا ہوں۔ Mi legas libron (می لی گاس لیبرون) ان دونوں جملوں میں pomo(سیب) اور libro(کتاب) دونوں الفاظ میں مفعول واقع ہوئے ہیں اس لئے ان کے آخر N۔لگایا گیا ہے۔کلمہ استفہام جملوں میں مفعول کا استعمال اس طرح کیا جاتا ہے،تم نے کسی کو دیکھا؟ Vi vidis kiun۔اسپرانتو میں کلمات کی ترتیب دوسری زبانوں کی طرح ہرگز مشکل نہیں،نیچے دئے گئے تینوں جملوں کا ایک ہی مطلب

ہے یعنی آدمی شیر مارتا ہے!

Homo batas lenon

Lenon batas homo

Batas homo lenon

LA کلمہ تعریف

کسی خاص نام یا اشیاء کواہمت دینے کے لئے کلمہ تعریف کا استعمال مختلف زبانوں میں عام ہے جیسے عربی میں ال، انگریزی میں THE،جرمن میں DAS اورفرانسیسی کے "LA" کی طرح اسپرانتو میں بھی LA کلمہ تعریف ہے مگراس کا استعمال لازمی نہیں۔

NOMBROJ گنتی (اعداد)

اسپرانتو گنتی نہایت سادہ ہے۔عدد کے آخر میں A کا اضافہ کرنے سے اعداد ترتیبی بن جاتے ہیں۔

صفر۔Nulo ایک ۔Unu دو۔ Du تین۔Tri چار۔Kvar پانچ۔Kvin چھ۔Ses

سات۔Sep آٹھ۔Ok نو۔Nau دس۔ Dek بیس۔ Dudek تیس۔Tridek

چالیس۔Kvardek پچاس۔Kavindek سو۔ Cent دوسو۔Ducent پانچ سو۔ Kavinc ہزار۔

Milcent ایک کڑوڑ۔Centcentmil 1975 ۔ Mil-Naucent-Sepdek-Kvin 100000۔

Centmil۔ 200000- Ducentmil لی۔ Milion پہلا۔ Una دوسرا۔ Dua تیسرا۔Tria۔

دسواں۔Deka سواں۔ Centa ہزارواں۔ Mila ہزارمرتبہ Mil ope تیسرا حصہ۔Tri uno آدھی

روٹی۔Duonapan نصف۔ Duono۔

AFIKSOJ سابقے اورلاحقے

سابقے (Prefiksoj) لفظ کے شروع میں جبکہ لاحقے (Sufiksoj) لفظ کے آخر میں لگائے جاتے ہیں

سابقوں کی کل تعداد 10 ہیں جبکہ لاحقے 33 ہیں۔درج ذیل میں کچھ سابقے اور لاحقے مثال کے طور پر پیش کئے جارہے ہیں۔

سابقے:(Prefiksoj) Bo۔شادی سے قائم ہونے والا رشتہ۔Dis۔تقسیم گردش کا مفہوم۔ Ek یکدم،اچانک۔Eks۔سابق،گزشتہ۔ Fi۔ حقارت اورنفرت کا اظہار۔ Ĝe۔مونث اور مذکر دونوں کے لئے Mal۔ضد،الٹ۔Mis۔غلط بے جا،غیر مناسب۔Re-اعادہ،واپس ازسرنو Pra۔مورث اعلیٰ۔

Patro باپ۔ Bopatro خسر،سسر۔

Fali۔ گرنا Disfali ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

Brili۔چمکنا Ekbrli اچانک چمکنا۔۔

Patro۔باپ Ĝepatro۔ والدین

Pensi سوچنا۔ Mispensi غلط سوچنا۔

لاحقے : (Afiksoj)۔AĈ برا،ناقابلِ قبول۔Ad۔حصّہ،دوام،جاری رہنا۔Aj۔فعل کے مفہوم سے متعلق ٹھوس مادی چیز کے معنی۔ An۔جماعت یا گروہ کا ایک رکن۔Ar۔مجموعہ،سیٹ،گروہ۔Ec۔لفظ کے معنی میں کیفیت کا مفہوم دیتا ہے۔Em۔مزاج،رحجان،عادت۔End۔کام کے مکمل ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔Estr۔ذمہ دار،سردار۔Id۔بچہ نومولود۔

Paroli گفتگو کرنا۔ Parolaĉi۔بکواس کرنا

Legi پڑھنا۔ Legando پڑھائی۔

Manĝi کھانا۔ Manĝajo خوراک۔

Ŝafo بھیڑ۔ Ŝafajo۔بھیڑ کا گوشت

Muziko۔موسیقی Muzikajo۔گیت کا ایک بول

Vilaĝo۔دیہات Vilaĝano ۔ایک دیہاتی

Pakistano۔پاکستان Pakistanano -پاکستانی

Libro کتاب۔ Libraro۔کتب خانہ

(سابقوں اور لاحقوں کی مکمل تفصیلات کے لیے آگے چارٹ ملاحظہ کریں)

مُصدر کی اقسام:

مصدر وہ لفظ ہے جس سے مختلف قسم کے فعل بنائے جاتے ہیں۔اسپرانتو میں اردو کی طرح مصادر کی دو قسمیں ہیں

1-مفرد ،2۔مرکب۔

مفرد مصادر: آنا۔ Veni محبت کرنا۔ کھیلنا۔ Ludi

نہانا۔ Bani جاننا۔Koni دینا۔ Diri۔

مرکب مصادر: یہ وہ مصدر ہیں جو اسم یا اسم صفت کے ساتھ کسی سابقے یا لاحقے کے اضافہ سے بنائے جاتے ہیں۔نیچے دئے گئے تمام مصادر لاحقہ IĜ سے بنائے گئے ہیں۔ Mal کے اضافہ سے ضد کے معنی پیدا کر لئے جاتے ہیں,

Avida لالچی۔ Avidiĝi۔لالچی ہونا

Bela۔خوبصورت Belĝi۔خوبصورت ہونا

Bona ۔اچھا	Boniĝi ۔اچھا ہونا
Forta ۔قوی	Fortiĝi۔قوی ہونا
Juna۔جوان	Juniĝi۔جوان ہونا
Libera۔آزاد	Liberiĝi۔آزاد ہونا

لازم ومتعدی مصادر: مصادر کی ایک اور تقسیم ''لازم اور متعدی'' ہے۔لازم مصادر سے بنا ہوا فعل صرف فاعل کو چاہتا ہے اور متعدی مصدر سے بنا ہوا فعل فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہتا ہے۔

لازم مصادر	متعدی مصادر
Veni ۔ آنا	Vidi ۔دیکھنا
Iri ۔جانا	Doni ۔دینا
Flugi ۔اڑنا	Voli ۔چاہنا
Bani ۔نہانا	Preni ۔لینا
Kuri ۔دوڑنا	Jeti ۔پھینکنا
Sidi ۔بیٹھنا	Savi ۔بچانا

لازم سے مصدر بنانا:

لازم کے آخر Ig لگانے سے متعدی بن جاتا ہے۔

Ridi ۔ہنسنا	Ridigi ۔ہنسانا
Sidi۔بیٹھنا	Sidigi ۔بٹھانا
Timi ۔ڈرنا	Timigi ۔ڈرانا
Veni۔آنا	Venigi ۔لانا
Iri ۔جانا	Irigi۔لے جانا

متعدی المتعدی مصدر:

بعض مصادر متعدی ہوتے ہیں ان کو مزید متعدی بنایا جاتا ہے۔جیسے ''کھانا'' سے ''کھلانا''، ''دینا'' سے ''دلانا'' وغیرہ۔ایسے مصادر کو ''متعدی المتعدی کہتے ہیں۔اسپرانتو میں ایسے مصادر کے آخر **g** لگانے سے متعدی المتعدی مصدر بن جاتا ہے۔

Audi ۔سننا	Audigi ۔سنانا
Diri ۔کہنا	Dirigi۔کہلانا
Kapti۔پکڑنا	Kaptigi ۔پکڑانا

دنوں مہینوں اور موسموں کے نام

(Tagoj,Monatoj Kaj Sezonoj)

DIMANCO۔اتوار LUNDO۔پیر MARDO۔منگل MERKREDO ۔بدھ

JAUDO ۔جمعرات VENDREDO۔جمعہ SABATO ۔ہفتہ MONATO ۔مہینہ ہفتہ(ویک)

SEMAJNO سال JARO ۔رات NOKTO دن ،صبح۔ MATENO آج کا دن۔ TAGO

۔آج۔HADIAŬ گذشتہ کل۔HIERAŬ آنے والا کل۔MORGAŬ صدی۔CENTJARO

موسم: سردی۔VINTERO، گرمی۔SOMERO، خزاں۔AŬTUNO، بہار۔ PRINTEMPO۔

مہینوں کے نام: جنوری۔Januaro، فروری۔Februaro، مارچ۔Marto، اپریل۔Aprilo، مئی۔Majo، جون۔Junio، جولائی۔Julio، اگست۔Augusto، ستمبر۔Septembro، اکتوبر۔Oktobro، نومبر۔Novembro، دسمبر۔ Decembro۔

اسپرانتو میں نئے الفاظ کی بناوٹ

اسپرانتو میں مختلف االفاظوں کے باہم ملاپ سے نئے نئے لفظ بنا لئے جاتے ہیں۔مثال کے طور پر لفظ ہے **Malsanejoj** جس کے معنی ہیں ''شفاخانے، بیمارستان یا ہسپتال'' اصل مادہ **SAN** ہے جو صحت کا مفہوم دیتا ہے اسکی ضد (بیماری) کا مفہوم پیدا کرنے کے لئے شروع میں **MAL** کا اضافہ کیا گیا ہے پھر اسم ظرفِ مکاں بنانے کے لئے **EJ** کا لاحقہ لگایا گیا ہے۔ اسطرح کلمہ اسم بن گیا، اس کی علامت ''**O**'' استعمال کی اور جمع کے لئے **J** کا اضافہ کیا گیا ہے۔گویا یہ پانچ کلموں سے ملکر بنا ہے'' **MALSANEJOJ**'' 1۔ Mal، 2۔ San، 3۔Ej، 4۔O، 5 ۔ J۔

اِسپرانتو بول چال کے کچھ بنیادی جملے

رات کا سلام۔Bonan Nok Ton، عید مبارک۔ Jan Eidon، اسب ٹھیک ہے۔ Ĉio En Ordo، بہت اچھا، بہت بہتر۔ Tri Bone، میرا نام علی ہے۔ Mi Nomiĝas Ali، میں پھر عرض کرتا ہوں آپ کا نام کیا ہے؟- Kial Vi Nomiĝas? تاریخ کیا ہے؟۔Kiu Dato Estas?، میں نہیں سمجھتا۔ Mi Ne Komprenas، آج کیا دن ہے؟ Kiu Tago Estas?، مطلب کیا ہے؟ Kion Signifas? مجھے افسوس ہے۔Mi Bedaŭras، وغیرہ۔K.P.T، کیسا شور ہے؟ Kia Bruo? خداحافظ۔ Ĝis Revido، شکریہ۔ Dankon۔

●

سابقے، لاحقے اور ان کا استعمال:

سابقے لفظ کے شروع میں لگاتے ہیں اور اس طرح اسپرانتو میں نئے نئے الفاظ بنائے جاسکتے ہیں، مثالوں کے لیے نیچے چارٹ ملاحظہ کریں۔

فہرست سابقے: Prefiksoj

BO: شادی سے قائم ہونے والا رشتہ	**ĜE:** مذکر و مونث کے معنی کے لئے
DIS: تقسیم۔گردش کا مفہوم	**MAL:** ضد، الٹ، مضاد
EK: یک دم، اچانک، دفعتا	**MIS:** غلط، بے بجا، غیر مناسب
EKS: سابق، گذشتہ	**RE:** اعادہ، ازسرنو، واپس
FI: حقارت اور نفرت کا اظہار	**PRA:** مورث اعلیٰ

سابقوں کا استعمال:

اصل لفظ		سابقے	نیا لفظ سابقے کے اضافے سے	
Patro	باپ۔	Bo	Bopatro	سسر، خسر۔
Frato	بھائی۔		Bofrato	سالا، بہنوئی۔
Fali	گرنا۔	Dis	Disfali	گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا
Jeti	پھینکنا۔		Disjeti	بکھیرنا، پھیلانا۔
Brili	چمکنا۔	Ek	Ekbrili	اچانک چمکنا۔
Vedi	دیکھنا۔		Ekvedi	اچانک نظر آنا
Reĝo	بادشاہ۔	Eks	Eksreĝo	سابق بادشاہ۔
Soldato	سپاہی۔		Eksoldato	سابق فوجی۔
Viro	مرد۔	Fi	Fiviro	حقیر مرد۔
Libro	کتاب		Filibro	حقیر کتاب۔
Patro	باپ۔	Ĝe	Ĝepatro	والدین
Filo	بیٹا۔		Ĝefiloj	اولاد۔
Pura	صاف۔	MAL	Malpura	ناصاف، گندہ۔
Granda	بڑا۔		Malgranda	غیر بڑا، چھوٹا۔
Pensi	سوچنا۔	Mis	Mispensi	غلط سوچنا۔
Iri	جانا۔		Misiri	غلط راہ پر، گمراہی۔
Legi	پڑھنا۔	RE	Relegi	پھر سے پڑھنا۔
Veni	آنا۔		Reveni	لوٹ آنا، واپسی۔

Patro	باپ۔	Pra	Prapatro	مورث اعلیٰ۔
Homo	آدمی۔		Prahomo	قدیم انسان۔

Sufiksoj: فہرست لاحقے

AĈ برا، ناپسندیدہ	AD دوام، جاری	AĴ ٹھوس مادی شے	AN جماعت، گروکارکن
AR مجموعہ یا سیٹ	EBL لاحق، موزوں	EC کیفیت کا مفہوم	EG اسم مکبر، بڑا
EJ اسم ظرف مکاں	EM مزاج، رجحان	END کام مکمل ہونا	ER ذرہ، کم مقدار
ESTR انچارج، سربراہ	ET اسم تصغیر، چھوٹا	ID بچہ، نومولود	IG لازم سے متعدی فعل
IĜ ہونا، ہوجانا	IL علامت اسم آلہ	IND پسندیدہ ہونا	ING دان، ستان
IN مونث کے لئے	ISM نظریہ، اصول	IST پیشہ کا اظہار	OBL گنتی میں گنا، چند

OP گنتی میں بار بار	ON گنتی میں کسر	UJ برتن کا مفہوم	UL شخص یا والا
UM مادے میں فعل	ĈJ محبت، پیار	NJ لاحقہ 29 کی تانیت	

لاحقے الفاظ کے آخر میں لگانے سے لفظوں میں نئے معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثالوں کے لئے چارٹ ملاحظہ ہو،

اصل الفاظ	لاحقے	لاحقے کے ساتھ نئے معنی
Paroli گفتگو کرنا۔ Viro مرد۔	Aĉ	Parol**aĉ**i بکواس کرنا۔ Vir**aĉ**e بدمعاش، غنڈا۔
Legi پڑھنا۔ Uzi استعمال کرنا۔ Broso برش۔ Plumo قلم۔	Ad	Leg**ad**o پڑھائی۔ Uz**ad**o استعمال۔ Bros**ad**o برش کا کام۔ Plum**ad**o قلم قاری۔
Manĝi کھانا۔ Konstrui تعمیر کرنا۔ Ŝafo بھیڑ۔ Bovo بیل۔	Aĵ	Manĝ**aĵ**o خوراک۔ Konstru**aĵ**o عمارت۔ Ŝaf**aĵ**o بھیڑ کا گوشت۔ Bov**aĵ**o بیل کا گوشت۔

Vilaĝo دیہات۔ Pakistano پاکستان۔ Islamo اسلام۔	An	Vilaĝ**an**o ایک دیہاتی۔ Pakistan**an**o پاکستانی۔ Islam**an**o مسلمان۔
Libro کتاب۔ Arbo درخت۔	Ar	Libr**ar**o کتاب خانہ۔ Arb**ar**o جنگل۔
Movo حرکت۔ Vidi دیکھنا۔	Ebl	Mov**ebl**a قابل حرکت۔ Vid**ebl**a نظر آنے والا۔
Amiko دوست۔ Bona اچھا۔	Ec	Amik**ec**o دوستی۔ Bon**ec**o اچھائی۔
Domo گھر۔ Vojo راستہ۔	Eg	Dom**eg**o بڑا گھر محل۔ Voj**eg**o شاہراہ۔
Lerni سیکھنا۔ Malsana بیمار۔	EJ	Lern**ej**o مدرسہ، اسکول۔ Malsan**ej**o ہسپتال۔
Paroli بولنا۔ Ludi کھیلنا۔	Em	Parol**em**o باتونی۔ Lud**em**o کھلنڈرا۔
Pagi ادا کرنا۔ Lerni سیکھنا۔	End	Pag**end**a ادا ہو چکا۔ Lern**end**a سیکھ چکا۔
Neĝo برف۔ Fajro آگ۔ Ĉeno زنجیر۔	Er	Neg**er**o برف کا گولا۔ Fajr**er**o چنگاری۔ Ĉen**er**o زنجیر کی ایک کڑی

Lernejo	اسکول۔	**Estr**	Lernejestro	ہیڈ ماسٹر۔
Hotelo	ہوٹل۔		Hotelestro	ہوٹل کا مینیجر۔
Domo	گھر۔	**Et**	Dometo	کوٹھری۔
Vojo	راستہ۔		Vojeto	گلی،کوچہ۔
Libro	کتاب۔		Libreto	کتابچہ۔
Hundo	کتا۔	**Id**	Hundido	کتونگڑا۔
Kato	بلا۔		Katido	بلونگڑا۔
Veni	آنا۔	**Ig**	Venigi	لانا۔
Iri	جانا۔		Irigi	لے جانا۔
Bona	اچھا۔	**Iĝ**	Boniĝi	اچھا ہونا۔
Ruĝa	سرخ۔		Ruĝiĝi	سرخ ہو جانا۔
Buĉi	ذبح کرنا۔	**IL**	Buĉilo	چھری۔
Tranĉi	کاٹنا۔		Tranĉilo	کاٹنے کا آلہ۔
Vidi	دیکھنا۔	**Ind**	Vidinda	قابل دید۔
Memori	یادرکھنا۔		Memorinda	یادرکھنے کے لائق۔
Kandelo	شمع۔	**Ing**	Kandelingo	شمع دان۔
Fingro	انگلی۔		Fingringo	انگشتری۔
Patro	باپ۔	**In**	Patrino	ماں۔
Bovo	بیل۔		Bovino	گائے۔

Socialo	معاشرہ۔	**Ism**	Socialism	سوشلزم۔
Nacio	قوم۔		Naciismo	قومیت۔
Dento	دانت۔	**Ist**	Dentisto	دانتوں کا معالج۔
Instrui	کھانا۔		Instruisto	استاد۔
Du	دو۔	**Obl**	Duobla	دوگنا
Tri	تین۔		Triobla	تین گنا۔
Unu	ایک۔	**Op**	Unuope	ایک بار۔
Du	دو۔		Duope	دوبار۔
Tri	تین۔		Triope	تین بار۔
Unu	ایک۔	**On**	Duono	ایک بٹا دو۔
Tri	تین۔		Triono	ایک بٹا تین۔
Inko	روشنائی۔	**Uj**	Inkujo	دوات۔
Salo	نمک۔		Salujo	نمک دانی۔
Riĉa	مالدار۔	**Ul**	Riĉulo	مالدار شخص۔
Juna	جوان۔		Junulo	جوان شخص۔
Aero	ہوا۔	**Um**	Aerumi	ہوا بھرنا۔
Akvo	پانی۔		Akvumi	پانی دینا۔
Kolo	گلا۔		Kolumo	کالر۔
Okulo	آنکھ۔		Okulumi	نظر ڈالنا۔
Plena	بھرا ہوا۔		Plenumi	بھرنا۔

Patro — باپ۔ Frato — بھائی۔	**Ĉj**	Paĉjo — باپو، ابا، پاپا۔ Fraĉjo — بھیا، بھائی جان۔
Patrino — ماں۔ Fratino — بہن۔	**Nj**	Panjo — پیاری ماں۔ Franjo — پیاری بہن۔

Prepozicioj: حروفِ ربط

ایسے لفاظ جو کہ جملوں میں مددگار کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، حروف ربط یا حروفِ جار کہلاتے ہیں جیسے اردو میں سے، میں، پر، کو، تک وغیرہ اسپرانتو میں کل 33 حروف جار ہیں جو کہ نیچے چارٹ میں نظر آرہے ہیں اور جنکی مثالوں کے ساتھ وضاحت کی گئی ہے۔

AL کو۔کی طرف	**Anstataŭ** بجائے۔	**Antaŭ** پہلے۔سامنے	**Apud** نزد۔	**ĈE** پر۔اوپر	**Ĉirkaŭ** قریب۔	**DA** کا۔کے۔	**D E** کا۔کی۔کے
Dum دوران	**Ekster** باہر۔خارج	**EL** میں۔سے	**EN** میں۔اندر	**Ĝis** جب تک	**Inter** درمیان	**JE** پر۔اوپر	**Kontraŭ** کے خلاف
Krom علاوہ ازیں	**Kun** ساتھ۔کیساتھ	**Laŭ** کے مطابق	**Malgraŭ** باوجودیکہ	**Per** بذریعہ	**Por** کے لئے	**Post** بعد	**Preter** دور۔پرے
Pri کے متعلق	**Pro** اس لئے کہ	**Sen** بغیر۔	**Sub** پر۔اوپر	**Super** اوپر۔بالا	**Sur** کے وپر۔پر	**Tra** میں سے	**Trans** آر پار

Po @ایڈ دی ریٹ

حروفِ جار	Esperanto Fratoj	اردو ترجمہ
Al کو۔کی طرف	Mi donas **al** vi libron. Mi iras **al** domo.	میں کتاب کو دیکھتا ہوں۔ میں گھر کو (کی طرف) جاتا ہوں۔
Anstataŭ بجائے۔	**Anstataŭ** veni li iras. **Anstataŭ** libro ĝi estas tablo.	بجائے آنے کے وہ جاتا ہے۔ بجائے کتاب کے وہ میز ہے۔
Antaŭ پہلے۔سامنے۔	Li iros **antaŭ** vi iri. Li venis **antaŭ** vi. Arbo estas **antaŭ** domo.	وہ تمہارے جانے سے پہلے جائے گا۔ وہ تم سے پہلے آیا تھا۔ درخت گھر کے سامنے ہے۔
Apud نزدیک۔	Li sidas **apud** mi. Domo estas **apud** rivero.	وہ میرے پاس بیٹھا ہے۔ گھر دریا کے قریب ہے۔
ĈE پر۔ اوپر۔	Viro sidas **ĉe** tablo. Viro estas **ĉe** tablo. Libro estas **sur** tablo. Li venis **je** tempo.	مرد میز پر بیٹھا ہے۔ مرد میز پر ہے۔ کتاب میز پر ہے۔ وہ وقت پر آیا۔
Cirkaŭ قریب۔ اردگرد۔ قرب وجوار ۔	**Cirkaŭ** la domo estas la arboj. **Cirkaŭ** la gardeno estas la muro.	گھر کے گرد درخت ہے۔ باغ کے گرد دیوار ہے۔

DA کا۔کے۔	Kvanta **da** akvo. Nomoro **da** liboj.	مقدار کا پانی۔پانی کی مقدار۔ تعداد کی کتابیں۔کتابوں کی تعداد۔
D E کا۔کی۔کے	Patro **de** filo. Patro **de** dum filino.	بیٹے کا باپ۔ بیٹی کی ماں۔
Dum دوران۔	Li labaras **dum** tago. Li dormis **dum** nokto.	وہ دن کے دوران (سارا دن) کام کرتا ہے۔ وہ رات کے دوران (رات بھر) سو یا رہا۔
Ekster باہر۔خارج	Li iris **ekster** la domo. Viro estas **ekster** domo.	وہ گھر سے باہر گیا۔ مرد گھر سے باہر ہے۔
EL میں۔سے	Viro venas **el** domo. Le ligas **el** libro.	مرد گھر سے آرہا ہے۔(گھر سے نکل رہا ہے۔) وہ کتاب میں سے پڑھتا ہے۔
EN میں۔اندر	Patrino estas **en** la domo. Viro ne estas **en** la domo.	ماں گھر میں ہے۔ مرد گھر میں نہیں ہے
Ĝis جب تک۔تک	**Ĝis** si estas en la domo li iros.	جب تک وہ گھر میں ہے، وہ نہیں جائے گا۔
Inter درمیان	Filo estas **inter** patro estas, kaj patrino.	بیٹا باپ اور ماں کے درمیان ہے۔
Je پر۔اوپر	Li venis **je** tempo.	وہ وقت پر آیا۔

Kontraŭ کے خلاف	**Kontraŭ** lega. Sen lega.	خلاف قانون۔ قانون کے بغیر۔
Krom علاوہ ازیں	**Krom** manĝi li parolas. Li aŭdas **krom** vidas.	کھانے کے علاوہ وہ باتیں بھی کرتا ہے۔ وہ سنتا ہے علاوہ ازیں دیکھتا بھی ہے۔
Kun ساتھ	Patro estas **kun** filo.	باپ بیٹے کے ساتھ ہے۔
Laŭ کے مطابق	**Laŭ** lega. Vi diras **laŭ** lego.	قانون کے مطابق۔ تم قانون کے مطابق کہہ رہے ہو۔
Magraŭ باوجودیکہ	**Magraŭ** scii vi ne diras.	باوجود جاننے کے تم نہیں کہتے۔
Per بذریعہ	Vi skribas **per** plumo. L i sendis leteron **per** filo.	تم قلم کے ذریعے لکھتے ہو۔ اس نے بیٹے کے ذریعے خط لکھا۔
Po @		ایڈ دی ریٹ کے لئے لکھا جاتا ہے۔
Por کے لئے	Libro estas **por** legi.	کتاب پڑھنے کے لئے ہے۔
Post	Li venos **post** unu tago.	وہ ایک دن کے بعد آئے گا۔
Preter دور۔پرے	Li estas **preter** urbo.	وہ شہر سے دور چلا گیا۔

Pri کے متعلق	Mi ne sdias **pri** tablo.	میں میز کے متعلق نہیں جانتا۔
Pro اس لئے کہ	Li ne iris **pro** li estas mal sana	وہ نہیں گیا اس لئے کہ وہ بیمار ہے۔
Sen بغیر	Li iris **sen** manĝi.	وہ کھائے بغیر چلا گیا۔
Sub نیچے	Hundo estas **sub** tablo.	کتا میز کے نیچے ہے۔
Super اوپر۔بالا	Tiu estas **super** tablo.	وہ کتاب سے اوپر ہے۔
Sur پر۔کے اوپر	Libro estas **sur** tablo.	کتاب میز پر ہے۔
Tra میں سے	Vojo iras **tra** gardeno.	سڑک (راستہ) باغ میں سے جاتی ہے۔
Trans آر پار	Li iris **trans** rivero.	وہ دریا کے پار گیا۔

تحریر و تحقیق: ناصر ذوالفقار (ماسٹر بین الاقوامی تعلقات / ڈپلوما آئی ٹی)
فری لانسر رائیٹر، صحافی۔ سینئر ممبر پاکستان اسپرانتو ایسوسی ایشن۔ (پاکیسا)
ایکسپریس کا صفحہ: http://www.express.pk/author/675/nasirzulfiqar/

خراج عقیدت



اس "اسپرانتو گرامر کا تعارفی کتابچہ" کی تیاری کے لئے علامہ مظہر عباسی صاحب کی کتاب "اسپرانتو اردو ریڈر" جوکہ 1984ء میں پاکستان کی پہلی اسپرانتو کتاب تھی، سے رہنمائی لی گئی ہے اور ہم پہلے پاکستانی اسپرانتو دان کے بے حد شکر گذار ہیں اور انہیں خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنکی اسپرانتو کی خدمات کے صلے میں ملک میں اسپرانتو زبان سے آگہی ہوسکی۔ (ناصر ذوالفقار۔کراچی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسپرانتو زبان: "ایک نظر میں"

نمبر شمار	فہرست عنوانات	صفحہ نمبر
1	اسپرانتو حروفِ تہجی، حروف کی آوازیں۔	1
2	فعل، صفت، اسم اور اسم حالیہ۔	3
3	اسپرانتو کلمات اور زمانے (ماضی، حال، مستقبل)۔	4
4	اسم فاعل اور اسم مفعول، صفت کے درجے۔	5
5	ضمیریں، اضافت کی ضمیریں۔	6
6	مفعول کی ضمیریں۔ اشارات (یہ، وہ)۔	7
7	فعل مجہول۔ کلماتِ استفہام اور ممکنہ جوابات (سوال و جواب)	8
8	چارٹ: سوالیہ کلمات و جوابات۔	9
9	حروفِ جار۔ کلمہ شرط۔	10
10	فعل شرطیہ۔ کلمہ شرط (ماضی، حال، مستقبل کا حوالہ)۔ فعل "سکنا"۔	11
11	فعل امر۔ فعل شکیہ۔ فعل تاکیدی۔	12
12	ضد فعل تاکیدی۔ "ہاں" اور "نہیں" کا استعمال۔ مفعول اور فاعل	13
13	کلمہ تعریف (LA)۔ گنتی، اعداد۔ سابقے اور لاحقے۔	15
14	مصدر کی اقسام۔ مفرد مصدر، مرکب مصدر۔	17
15	لازم و متعدی مصادر: متعدی المتعدی مصادر۔ دنوں، مہینوں اور موسموں کے نام۔	18
16	اسپرانتو میں نئے الفاظ کی بناوٹ۔ اسپرانتو بول چال کے چند کلمات۔	19
17	چارٹ برائے سابقے۔ (مثالیں)	21
18	چارٹ: فہرست برائے سابقے اور ان کا استعمال۔ (مثالیں)	22
19	چارٹ: لاحقے اور ان کا استعمال۔	23
20	چارٹ: فہرست برائے لاحقے اور ان کا استعمال (مثالیں)	24
21	چارٹ: حروفِ جار	28
22	چارٹ: فہرست حروفِ جار کا استعمال۔ (مثالیں)	29

اِسپرانتو زبان کے مُوجد ڈاکٹر زامن ہوف

پہلے پاکستانی اسپرانتو داں علامہ مُضطر عباسی

ESPERANTO 133 1887 - 2020

INTERNACIA LINGVO

ESPERANTO

"La libreto de Enkonduko De Esperanta Gramatiko"

عالمی زبان

اِسپرانتو

ایک نظر میں

"اسپرانتو گرامر کا تعارفی کتابچہ"

PakEsA
Fond. 1978

تحریر و مرتب: ناصر ذوالفقار

سینئر ممبر پاکستان اسپرانتو ایسوسی ایشن (پاکیسا)